درخواست

مورخہ: ۱۲، مارچ ۲۰۰۸ء

جناب صدر شعبۂ اردو صاحب

جامعہ لاہور

لاہور

جناب محترم۔

السلام علیکم۔

میں اوساکا یونیورسٹی (جاپان) کا طالبِ علم ہوں اور وہاں شعبۂ اردو میں دو سال سے اردو زبان سیکھ رہا ہوں۔ لیکن میں چاہتا ہوں کہ ایک سال کے لیے آپ کے شعبے میں بھی اردو زبان سیکھوں۔ میں اوساکا یونیورسٹی سے ایک سال کی چھٹی لے کر آپ کے شعبے میں داخلہ لینا چاہتا ہوں اور آپ کے شعبے کا ڈپلوما کورس کرنا چاہتا ہوں۔ اس لیے آپ سے گزارش ہے کہ مج ھے اگلے تعلیمی سال سے اپنے شعبے کے ڈپلوما کورس میں داخلہ دیجیے۔ مجھے آپ کے شعبے میں تعلیم حاصل کر کے خوشی ہوگی اور میں زیادہ اردو سیکھ سکوں گا۔

فقط

سوزوکی ہیرو